| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری اٹھارواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف کا تلفظ، صوتی آواز پہچان سکیں۔ درست بناوٹ کے ساتھ حروف کی لکھائی کرسکیں اور الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>'حروف تہجی اُردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حروف 'ا تا ش' کا درست تلفظ آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کی دہرائی کریں گے۔ Sand tray دے کر حروف کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ جن حروف کی آدھی شکل ہوتی ہے ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | Sand tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو قالین پر بیٹھایا جائے گا اور ا تا ش حروف کارڈ بھی قالین پر رکھے جائیں گے۔ معلمہ ا کا فلیش کارڈ رکھنے کے بعد اپنے پاس بیٹھے بچے کو اس کے بعد میں آنے والا حرف رکھنے کو کہے گی اس طرح سب بچے مل کر 'ا تا ش' حروف کو ترتیب سے رکھیں گے۔ کتاب صفحہ 115 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ا تا ش' تک حروف میں گمشدہ حروف لکھنے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 2 پر ایک جیسی تصاویر کو ملانے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>115, 2 | |
| | **اختتامیہ:**<br>حروف ا تا ش دکھا کر ان کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری اٹھارواں ہفتہ | **موضوع:** | اعادہ | **دن:** | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف کی پہچان کر سکیں ، آواز ، بناوٹ اور الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'حروف تہجی اُردو کے' نظم سنائی جائے گی۔ کوئی سا بھی حرف فلیش کارڈ دکھا کر اس سے شروع ہونے والی اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حروف 'ا تا ش' کا درست تلفظ آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو با آواز بلند حروف تہجی پڑھنے کو کہا جائے گا۔ فلیش کارڈ دکھا کر مختلف حروف کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کیا انہیں معلوم ہے کہ ان کا نام کس حرف سے شروع ہوتا ہے؟ باری باری بچوں کے نام اور ان کا ابتدائی حرف پوچھا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو حروف کے خاندان دیے جائیں گے اور تصاویر فلیش کارڈ دیے جائیں گے۔ مثال کے طور پر گروپ 1 کو 'ب' کا خاندان دیا جائے گا۔ انہیں تصاویر کے فلیش کارڈ میں سے ب کے خاندان کے تمام الفاظ الگ کرنے ہوں گے اور باری باری بتانے ہوں گے۔ کتاب صفحہ 116 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ا تا ذ' حروف لکھنے اور تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ<br>16 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/ سفید پر حروف کی لکھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ کیجیے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری اٹھارواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف کا تلفظ صوتی آواز پہچان سکیں، بناوٹ اور الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'ر تا ش'فلیش کارڈ دکھا کر تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حروف 'ا تا ش' کا درست تلفظ آواز اور الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج حروف کی دہرائی کریں گے۔ با آواز بلند حروف تہجی پڑھنے کو کہا جائے گا۔ پلے ڈو دے کر حروف اور ان کی آدھی اشکال کی مشق کروائی جائے گی۔ پلے ڈو سے ا،آ،د،ڈ،اور ر،ڑ،ز،ژ بنواتے وقت پوچھا جائے گا کہ یہ حروف کونسے حروف ہیں؟ ان کی آدھی شکل ہوتی ہے یا نہیں۔ | 10 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ<br>117 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو باری باری تختہ سیاہ/سفید پر بلا کر 'ا تا ش' حروف کی لکھائی کروایئے۔ معلمہ حروف بولیں گی اور بچہ/بچی اُسے تختہ سیاہ/سفید پر لکھے گا۔ اگر اس سے کوئی حرف درست نہیں لکھا تو کمرہ جماعت میں باقی بچوں سے پوچھا جائے گا کیا یہ حرف درست ہے؟ جو درست بتائے گا اُسے بورڈ پر آ کر لکھنے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 117 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ر تا ش حروف کی لکھائی اور حروف کی آدھی اشکال لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>ہوا میں حروف کی آدھی اشکال لکھوائی جائیں گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری اٹھارواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حروف کا تلفظ صوتی آواز پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے لکھ سکیں۔ شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو با آواز بلند حروف تہجی پڑھنے کو کہا جائے گا۔مختلف حروف کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حروف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حروف کے تلفظ صوتی آواز اور اشیاء میں حروف کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو پوچھا جائے گا کہ کیا آپ کو معلوم ہے حروف تہجی کی تعداد کتنی ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف و تہجی کل سینتیس (37) ہیں۔<br>بچوں کو Sand Letters دے کر حروف کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو فلیش کارڈ دکھا کر اس سے پہلے آنے والا حرف پوچھا جائے گا۔تختہ سفید پر دو حروف (ج ـ ح) لکھے جائیں گے۔اس طرح مختلف حروف لکھ کر درمیان میں آنے والے حروف کے فلیش کارڈ بچوں سے چسپاں کروائے جائیں گے۔کتاب صفحہ 3 کھولنے کو کہا جائے گا۔درمیان میں آنے والے حروف پوچھے جائیں گے۔حروف تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ دیے جائیں گے تا کہ بچے با آسانی کر سکیں۔ کتاب صفحہ 5 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کہا جائے گا کہ چارے کے ڈھیر میں لکھے حروف کے گرد رنگین پینسل سے دائرہ لگائیں۔اور ان حروف کی صوتی آواز بھی بتائیے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ<br>35<br>رنگین پینسل | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر حروف کی آدھی شکل لکھوائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری اٹھارواں ہفتہ | موضوع: | اعادہ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف کا تلفظ صوتی آواز پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے لکھ سکیں۔ شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مختلف حروف دکھا کر حروف کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حروف اور اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حروف کے تلفظ صوتی آواز اور اشیاء میں حروف کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>'ا تا ء' تمام حروف دکھا کر ان کا تلفظ اور صوتی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کچھ حروف کو کمرہ جماعت میں چھپا دیا جائے گا اور کچھ حروف معلمہ اپنے پاس رکھے گی۔ بچوں کو باری باری بلا کر ایک حرف دیا جائے گا اور اس کے بعد میں آنے والا حرف بتانے کو کہا جائے گا۔ اس کے بعد بچے کو وہ حرف کمرہ جماعت میں تلاش کرنے کو کہا جائے گا۔<br>کتاب صفحہ 4 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کے بعد میں آنے والے حروف لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 4 | |
| | **اختتامیہ:**<br>مختلف حروف دکھا کر ان کے بعد میں اور پہلے آنے والے حرف پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر حروف 'ا تا ش' لکھیے۔ | | | |